PHDL

# PAKISTAN HOTELS DEVELOPERS LIMITED

## NOTICE OF EXTRA ORDINARY GENERAL MEETING

Notice is hereby given that an Extra Ordinary General Meeting (EOGM) of shareholders of M/s. Pakistan Hotels Developers Limited ("Company") will be held on Monday, November 06, 2023 at 10:00 a.m. at the Registered Office of the Company located at 195/2, Main Shahrah-e-Faisal, Karachi to transact the following business.

**A. Ordinary Business**

1. To confirm the minutes of 44th Annual General Meeting of the Company held on October 27, 2023.

**B. Special Business**

1. To consider and if thought appropriate, to pass with or without modification, the following resolution as special resolutions:

*"RESOLVED THAT the offer received from SIUT through their letter dated October 9, 2023 for purchasing the Company's hotel property namely Regent Plaza Hotel located at Survey No. 195/1 and 195/2, Main Shahrah-e-Faisal, Karachi, for the price of PKR 14,500,000,000 (Rupees fourteen billion five hundred million only) is hereby accepted"*

*FURTHER RESOLVED THAT board of directors of the Company be and are hereby authorized to negotiate, finalize and execute all necessary documents and agreements including any amendments thereto in relation to the foregoing resolutions including agreement to sell, conveyance deed and other related documents and do all other matters incidental thereto, and carry out any other act or step which may be ancillary or incidental to do the above and necessary to fully achieve the object of the foregoing resolutions. Board is also authorized to sub delegate all or any of the aforesaid authorizations to one or more the members of the board or management"*

**C. Any other Business**

1. To transact any other business with the permission of the Chair.

By the Order of the Board
**M. Taha Ali Khan**
Company Secretary

Karachi
October 16, 2023

**Notes:**

1. The share transfer books of the company shall remain closed from October 31, 2023 to November 06, 2023 (both days inclusive). Transfers, complete in all respects, received at our Independent Share Registrar Office M/s. F.D. Registrar Service (SMC-PVT. Ltd.), 17th Floor, Saima Trade Tower A, Karachi or to Company Secretary of Pakistan Hotels Developers Limited, Mezzanine Floor, Regent Plaza Hotel, Karachi by October 30, 2023 will be entitled to attend and vote in the meeting.
2. A member eligible to attend and vote at the Extraordinary General Meeting is entitled to appoint another Member as his/her proxy to attend and vote on his/her behalf.
3. Instrument appointing proxy to be valid must be properly filled-in/executed attached with certified copies of CNIC/Passport) of the member of and his proxy and shall be witnessed by two persons whose names addresses and CNIC numbers shall be mentioned on the form. For the persons representing a corporate entity, original power of attorney duly notarized mentioning (1) the Folio Number (2) CNIC of the member giving power (3) Folio Number of Attorney and his CNIC Number be deposited with Company at least 48 hours before the time of the meeting and must be duly stamped and signed. No Power of Attorney will be accepted if the signature of member giving the Power of Attorney or that of the Attorney does not tally with the record of the Company or such Power of Attorney does not comply with any of these conditions.
4. A corporate entity, which is a member of the Company, may by resolution of its Board of Directors of Governing Body authorize a person to act as its representative at the meeting.
5. CDC Account Holders will further have to follow the under mentioned guidelines as laid down in Circular No.1 of 2000 dated January 26, 2000 issued by the Securities and Exchange Commission of Pakistan.
6. Members are requested to notify the Company promptly of any change in their addresses.
7. In the absence of CNIC, the receipt of CNIC application with NADRA along with old /expired NIC/CNIC will also be acceptable wherever the CNIC is required.
8. Members are requested not to bring children along-with them, as children will not be allowed in the meeting.

**For Attending the Meeting**

i) In case of Individuals, the account holder or sub account holder and / or the person whose securities are in group account and their registration details are uploaded as per the regulations, shall authenticate his or her identity by showing his / her original Computerized National Identity Card (CNIC) or Original Passport at the time of attending the meeting.

ii) In case of Corporate entity, the Board of Directors resolution / power of attorney with specimen signature of the nominee shall be produced (unless it has been provided earlier) at the time of the meeting.

**For Appointing Proxies**

i) In case of individuals, the account holder or sub-account holder and / or the person whose securities are in group account and their registration details are uploaded as per the regulations, shall submit the proxy form as per the above requirement.

ii) The proxy form shall be witnessed by two persons whose names, addresses and CNIC numbers shall be mentioned on the form.

iii) Attested copies of CNIC or the passport of the beneficial owners and of the proxy shall be furnished with proxy form.

iv) The Proxy shall produce his / her original CNIC or original passport at the time of the meeting.

v) In case of a corporate entity, the Board of Directors resolution / power of attorney with specimen signatures shall be submitted (unless it has been provided earlier) along with form to the company.

**Consent for Video Conference Facility**

In compliance with Section 134(1)(b) of the Companies Act, 2017, if the Company receive consent from members holding aggregate 10% or more shareholding residing at geographical location to participate in the meeting through video link facility at least (7) days prior to the date of meeting, the Company will arrange video link facility in that city. To avail this facility, please provide following information and submit to registered address of the Company.

| Name of shareholder | CNIC Number | Folio Number / CDC Account No | Cell Number | Email Address |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |

The Company will intimate members regarding venue of video conference facility at least 48 hours before the EOGM before the date of the meeting along with complete information necessary to enable them to access the facility.

The video link to attend the meeting will be provided to the shareholders on their email addresses before the meeting. The Company reserves the right to refuse entry to any shareholder who has not pre-registered for the meeting.

**Postal Ballot**

The Company, if required, will make arrangements for voting through postal ballot in line with the Companies (Postal Ballot) Regulations, 2018. Further details in this regard will be communicated to the shareholders within the legal time frame as stipulated under the said Regulations.

**STATEMENT OF MATERIAL FACTS UNDER SECTION 134(3) OF THE COMPANIES ACT, 2017 REGARDING SPECIAL BUSINESS**

**Special Business**

**Agenda Item No.2**

Company has earlier received an offer letter dated October 9, 2023 from SIUT Trust for purchase of Hotel Property (Regent Plaza Hotel) situated at Survey No. 195/1 and 195/2, Main Shahrah-e-Faisal, Karachi for a price of Rs. 14.50 billion ("Offer Letter").

Offer Letter was subsequently placed before the board of directors of the Company in their meeting held on October 12, 2023, wherein the board have resolved to convene an EOGM for consideration of the Offer Letter received from SIUT for acquiring of Hotel Property and approval, if deemed appropriate, by the shareholders.

PHDL

# پاکستان ہوٹلز ڈویلپرز لمیٹڈ

## اطلاع برائے غیر معمولی اجلاس عام

بذریعہ ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ میسرز پاکستان ہوٹلز ڈویلپرز لمیٹڈ (''کمپنی'') کے حصص داران کا غیر معمولی اجلاس عام (ای او جی ایم) مورخہ 6 نومبر 2023 بروز پیر صبح 10:00 بجے کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر 195/2، مین شاہراہ فیصل، کراچی میں درج ذیل امور کی انجام دہی کے لئے منعقد ہوگا:

**A۔معمولی امور**

1۔ 27 اکتوبر 2023 کو منعقدہ کمپنی کے 44 ویں سالانہ اجلاس عام کی کارروائی کی تصدیق کرنا۔

**B۔خصوصی امور**

1۔ درج ذیل قرارداد کو بطور خصوصی قرارداد کسی ترامیم کے ساتھ یا ان کے بغیر زیر غور لانا اور اگر مناسب سمجھا جائے تو منظوری دینا۔

''قرار دیا جاتا ہے کہ ایس آئی یو ٹی کی جانب سے ان کے آفر لیٹر مورخہ 9 اکتوبر 2023 کے ذریعے کمپنی کی ہوٹل پراپرٹی موسوم ریجنٹ پلازہ ہوٹل واقع سروے نمبر 195/1 اور 195/2، مین شاہراہ فیصل، کراچی کی 14,500,000,000 پاکستانی روپے (چودہ ارب پچاس کروڑ روپے صرف) کے عوض خریداری کے لئے موصول ہونے والی پیشکش کی بذریعہ ہذا قبول کیا جاتا ہے''

مزید قرار دیا جاتا ہے کہ کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کو بذریعہ ہذا اختیار دیا جائے اور اختیار دیا جاتا ہے کہ تمام ضروری دستاویزات اور معاہدوں بشمول ان میں سابقہ قراردادوں بشمول فروخت کے معاہدے، کنوینس ڈیڈ اور دیگر متعلقہ دستاویزات میں کسی ترامیم پر گفت وشنید کریں، انہیں حتمی شکل دیں اور ان پر عملدرآمد کریں اور اس سلسلے میں تمام دیگر واقعاتی امور انجام دیں، اور کوئی دیگر عمل یا اقدام کریں جو مذکورہ بالا سے متعلق یا واقعتاً ہو اور سابقہ قراردادوں کے مقصد کو پوری طرح حاصل کرنے کے لئے ضروری ہو۔ بورڈ کو یہ اختیار بھی دیا جاتا ہے کہ بورڈ یا مینجمنٹ کے ایک یا زائد ارکان کو بھی مذکورہ بالا میں سے کوئی ایک یا تمام اختیارات مزید تفویض کریں۔

**C۔کوئی دیگر امور**

1۔ صدر نشین کی اجازت سے کوئی دیگر معمولی امور انجام دینا۔

بحکم بورڈ
**ایم طٰہٰ علی خان**
کمپنی سیکرٹری

کراچی
تاریخ: 16 اکتوبر 2023

**نوٹس:**

1۔ کمپنی کی حصص منتقلی کی کتب 31 اکتوبر 2023 تا 6 نومبر 2023 (بشمول دونوں ایام) بند رہیں گی۔ ہمارے انڈیپنڈنٹ شیئر رجسٹرار آفس میسرز ایف ڈی رجسٹرار سروس (ایس ایم سی پرائیویٹ لمیٹڈ)، 17 ویں منزل، صائمہ ٹریڈ ٹاور اے، کراچی یا کمپنی سیکرٹری، پاکستان ہوٹلز ڈویلپرز لمیٹڈ، میزنائن فلور، ریجنٹ پلازہ ہوٹل، کراچی میں 30 اکتوبر 2023 تک موصول ہونے والی منتقلیوں، جو ہر لحاظ سے مکمل ہوں، کو اجلاس میں شرکت اور ووٹ کے لئے اہل سمجھا جائے گا۔

2۔ غیر معمولی اجلاس عام میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کے اہل رکن کسی دوسرے رکن کو اپنی پراکسی کے طور پر مقرر کرنے اور اپنے ایماء پر ووٹ دینے کے لئے مقرر کرنے کا استحقاق رکھتے ہیں۔

3۔ پراکسی کے تقرر کی دستاویز کو قابل قبول قرار دیئے جانے کے لئے لازم ہے کہ یہ مناسب طریقے سے پر کی جائے/انجام دی جائے اور اس کے ہمراہ رکن اور اس کے پراکسی کے سی این آئی سی/پاسپورٹ کی سرٹیفائیڈ کاپیاں لف کی جائیں اور دو افراد جن کے نام، پتے اور سی این آئی سی نمبر فارم پر درج ہوں، بطور گواہ ہوں گے۔ کارپوریٹ ادارے کی نمائندگی کرنے والے افراد کے لئے اصل پاور آف اٹارنی، جو مناسب طریقے سے نوٹرائزڈ ہو، اور جس پر یہ معلومات درج ہوں: (1) فولیو نمبر، (2) رکن کا سی این آئی سی جسے اختیارات دیئے جا رہے ہیں، (3) اٹارنی کا فولیو نمبر اور اس کا سی این آئی سی نمبر درج ہو، جو اجلاس کے وقت سے کم از کم 48 گھنٹے قبل کمپنی کو جمع کرا دیا جائے جس پر مہر اور دستخط ثبت ہونے چاہئیں۔ اگر رکن جسے پاور آف اٹارنی دیا جا رہا ہو، اس کے اٹارنی کے دستخط کمپنی کے ریکارڈ کے مطابق نہ ہوئے یا پاور آف اٹارنی ان شرائط پر پورا نہ اترتا ہو، تو پاور آف اٹارنی قبول نہیں کیا جائے گا۔

4۔ کارپوریٹ ادارہ، جو کمپنی کا رکن ہو، اپنے بورڈ آف ڈائریکٹرز، گورننگ باڈی کی قرارداد کے ذریعے کسی فرد کو اجلاس میں اپنے نمائندے کا کردار ادا کرنے کا مجاز بنا سکتا ہے۔

5۔ سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز کو سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی جانب سے سرکلر نمبر 1، سال 2000، مورخہ 26 جنوری 2000 میں دیئے گئے درج ذیل رہنما اصولوں پر عمل کرنا ہوگا۔

6۔ ارکان سے درخواست ہے کہ وہ اپنے پتے میں کسی بھی تبدیلی کی اطلاع فوری طور پر کمپنی کو دیں۔

7۔ جہاں کہیں سی این آئی سی کی ضرورت ہو، وہاں سی این آئی سی کی غیر موجودگی میں نادرا کو جمع کرائی گئی سی این آئی سی درخواست کی رسید مع پرانا/ختم شدہ مدت کا این آئی سی بھی قابل قبول ہوگا۔

8۔ ارکان سے التماس ہے کہ اپنے ہمراہ بچوں کو نہ لائیں کیونکہ بچوں کو اجلاس میں شرکت کی اجازت نہیں دی جائے گی۔

**اجلاس میں شرکت**

i) افراد کی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر اور/یا ایسے افراد جن کی سکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہوں اور ان کی رجسٹریشن کی تفصیلات ضوابط کے مطابق اپ لوڈ کر دی گئی ہوں، اجلاس میں شرکت کے وقت انہیں اپنی شناخت کی تصدیق کے لئے اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (سی این آئی سی) یا اصل پاسپورٹ دکھانا ہوگا۔

ii) کارپوریٹ ادارے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/پاور آف اٹارنی مع نامزد کنندہ کا نمونہ دستخط، اجلاس کے وقت پیش کرنا ہوگا (اگر یہ اس سے قبل فراہم نہ کیا گیا ہو)۔

**پراکسی کا تقرر**

i) افراد کی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر اور/یا افراد جن کی سکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہیں اور ان کی رجسٹریشن کی تفصیلات ضوابط کے مطابق اپ لوڈ کر دی گئی ہیں، انہیں مذکورہ بالا شرائط کے مطابق پراکسی فارم جمع کرانا ہوگا۔

ii) پراکسی فارم پر دو افراد کی گواہی ہونی چاہئے جن کے نام، پتے اور سی این آئی سی نمبر فارم پر درج کئے جائیں۔

iii) بینیفشل مالکان اور پراکسی کے سی این آئی سی یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ کاپیاں پراکسی فارم کے ہمراہ جمع کرائی جائیں۔

iv) پراکسی کو اجلاس کے وقت اپنا اصل سی این آئی سی یا اصل پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا۔

v) کارپوریٹ ادارے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/پاور آف اٹارنی مع نمونہ دستخط کمپنی کے فارم کے ہمراہ جمع کرانا ہوگا (اگر یہ پہلے فراہم نہ کیا گیا ہو)۔

**وڈیو کانفرنس کی سہولت پر رضامندی**

کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن (b)(1)134 کی پاسداری کرتے ہوئے اگر کمپنی کو کسی جغرافیائی علاقے میں مقیم مجموعی طور پر 10 فیصد یا زائد حصص داری کے حامل ارکان سے اجلاس میں وڈیو لنک کی سہولت کے ذریعے شرکت پر رضامندی اجلاس کی تاریخ سے کم از کم (7) یوم قبل موصول ہو جائے تو کمپنی اس شہر میں وڈیو لنک کی سہولت کا اہتمام کرے گی۔ اس سہولت سے فائدہ اٹھانے کے لئے براہ مہربانی درج ذیل معلومات فراہم کریں اور کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر میں جمع کرائیں۔

| حصص دار کا نام | سی این آئی سی نمبر | فولیو نمبر / سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر | موبائل نمبر | ای میل ایڈریس |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |

کمپنی ارکان کو وڈیو کانفرنس سہولت کے مقام کے بارے میں اجلاس کی تاریخ سے قبل غیر معمولی اجلاس سے کم از کم 48 گھنٹے پہلے اس سہولت تک رسائی کے لئے درکار ضروری معلومات کے بارے میں آگاہ کر دے گی۔

اجلاس میں شرکت کے لئے وڈیو لنک حصص داران کو ان کے ای میل پتہ پر اجلاس سے قبل فراہم کر دیا جائے گا۔ کمپنی کسی ایسے حصص دار کو داخلے سے محروم رکھنے کا حق محفوظ رکھتی ہے جو اجلاس کے لئے پہلے سے رجسٹرڈ نہ ہو۔

**پوسٹل بیلٹ**

کمپنی، اگر ضروری ہو کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز، 2018 کی روشنی میں پوسٹل بیلٹ کے ذریعے ووٹنگ کے انتظامات کرے گی۔ اس سلسلے میں مزید تفصیلات کے بارے میں حصص داران کو مذکورہ ضوابط کے تحت طے شدہ قانونی ٹائم فریم کے اندر آگاہ کر دیا جائے گا۔

**خصوصی امور کے بارے میں کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن (3)134 کے تحت مادی حقائق کا بیان**

**خصوصی امور**

**ایجنڈا آئٹم نمبر 2**

کمپنی کو قبل ازیں ایس آئی یو ٹی ٹرسٹ کی جانب سے مورخہ 9 اکتوبر 2023 کو ہوٹل پراپرٹی (ریجنٹ پلازہ ہوٹل) واقع سروے نمبر 195/1 اور 195/2، مین شاہراہ فیصل، کراچی مبلغ 14.50 ارب روپے (''آفر لیٹر'') کے عوض خریداری کے لئے آفر لیٹر موصول ہو چکا ہے۔

یہ آفر لیٹر کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے روبرو ان کے اجلاس منعقدہ 12 اکتوبر 2023 میں رکھا گیا جس میں بورڈ نے قرار دیا کہ ہوٹل پراپرٹی کے حصول کے لئے ایس آئی یو ٹی کی طرف سے موصول ہونے والے آفر لیٹر کو زیر غور لانے اور اگر مناسب سمجھا جائے، حصص داران کی منظوری کے لئے غیر معمولی اجلاس طلب کیا جائے۔